بانی تنظیم
ڈاکٹر اسرار احمد رحمۃ اللہ علیہ

امیر تنظیم
شجاع الدین شیخ حفظہ اللہ

شعبہ نشر و اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36۔ کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

پریس ریلیز

13-اگست 2021ء

حقیقی معنوں میں یوم آزادی منانے کے لیے نظریہ پاکستان کی عملی تعبیر لازم ہے۔

شجاع الدین شیخ

لاہور (پ ر) حقیقی معنوں میں یوم آزادی منانے کے لیے نظریہ پاکستان کی عملی تعبیر لازم ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے 14 اگست کے موقع پر اہل پاکستان کے نام اپنے پیغام میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ ہم 14 اگست پر عوام کی خوشیوں میں شریک ہیں لیکن معاشی، سیاسی اور سماجی مسائل کے انبار ان خوشیوں پر اثر انداز ہو رہے ہیں۔ ہماری رائے میں اگر قرارداد مقاصد پر خلوص دل اور نیک نیتی سے عمل کیا جاتا اور قیامِ پاکستان کے فوراً بعد تمام مکاتب فِکر کے 31 جید علماء کی جانب سے متفقہ طور پر پیش کیے گئے 22 نکات کو بنیاد بنا کر پاکستان کو ایک حقیقی اسلامی فلاحی ریاست بنا دیا جاتا تو آج پاکستان یوں ہر قسم کے خطرات میں گھرا نہ ہوتا۔ اُنھوں نے کہا کہ اب بھی وقت ہے ہم اپنے طرزِ عمل پر نظر ثانی کریں، ماضی میں نفاذِ اسلام کے حوالے سے جو غفلت اور کوتاہی برتی گئی ہے اُسے دُور کیا جائے اور تحریکِ پاکستان کے دوران اللہ تعالیٰ سے کیے گئے وعدے کا ایفاء کریں۔ اُنھوں نے کہا کہ ہم مختلف قسم کے نظام اور طرز ہائے حکومت اپنا کر 74 سال سے ٹھوکریں کھا رہے ہیں۔ اگرچہ پاکستان میں نفاذِ اسلام ہمارے ایمان کا تقاضا ہے لیکن ان حالات کا منطقی اور عقلی تقاضا بھی اس کے سوا نہیں ہے کہ ہم اپنی اصل کی طرف لوٹیں تمام غیر اسلامی اور غیر شرعی قوانین کو ختم کریں اور استحکامِ پاکستان کے لیے اسلام کے نظام عدل اجتماعی کو مملکت خداداد پاکستان میں نافذ کرنے میں مزید تاخیر نہ کریں۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں جو مہلت دی ہے اُس سے بھرپور فائدہ اُٹھائیں۔ ہمارا مکمل ایمان ہونا چاہیے کہ اللہ ہی ہمارا حقیقی سہارا ہے اُس کے سوا تمام سہارے سراب ہیں، دجل اور فریب ہیں جو ہماری ہلاکت کا باعث بنیں گے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں صحیح فیصلہ کرنے اور پھر اُس پر استقامت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشر و اشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: Friday 13 August 2021

“It is imperative to practically implement the Ideology of Pakistan in order to attain the essence of celebrating the Independence Day.”

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): “It is imperative to practically implement the Ideology of Pakistan in order to attain the essence of celebrating the Independence Day.”

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in his message to the nation on the eve of the 75th Independence Day of Pakistan. The Ameer said that we share the joy of the masses of Pakistan on 14 August, however, the droves of political, economic and social troubles faced by Pakistan are having a souring effect on these joys. He remarked that it is our considered opinion that had the Objectives Resolution been implemented with sincerity and the 22 points unanimously provided, immediately after the creation of Pakistan, by 31 eminent Ulema of all schools of religious thought been used as a basis to make Pakistan a genuine Islamic welfare state then we would not have been engulfed by various threats today. He observed that we still have time to change our attitude, rectify the negligence and apathy demonstrated by us regarding the enforcement of Islam in the past and fulfil all promises made with Allah *(SWT)* during the Pakistan Movement. He remarked that we have been floundering for the last 74 years by exhausting various systems and forms of governance (other than Islam). Although it is a requisite of our faith to enforce the Islamic system in Pakistan, yet an objective and rational analysis of the circumstances facing us today also dictates that we revert to our basic ideology, get rid of all non-Islamic laws and immediately enforce the system of Islamic Collective Justice in the God-given state of Pakistan in order to fortify Pakistan. We ought to take full advantage of the respite afforded to us by Allah *(SWT)*. The Ameer asserted that we must have absolute faith in the fact that only Allah *(SWT)* is our real patron and the rest is just a mirage and make-belief, which may lead to a catastrophe for us. The Ameer concluded by supplicating that may Allah *(SWT)* help us in making the right decision and then remaining steadfast on it. *(He coupled it with Ameen!)*

Issued by
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan